ایس آر جی کشمیر پریمیر لیگ 2021 ۔ٹائٹل اسپانسر کا اعلان اور لوگو کی رونمائی

24جولائی 2021 / پریس ریلیز

اسلام آباد۔24جولائی 2021

کشمیر پریمیر لیگ نے پہلے سیزن کے لئے ایس آر گروپ آف کمپنیز کا اعلان اپنے ٹائٹل اسپانسر کے طور پر کیا۔ آج اسلام آباد کے میریٹ ہوٹل میں۔ایس آر جی کشمیر پریمیئر لیگ کے لوگو کی رونمائی بھی کی گئی۔ تقریب جیو سوپر پر براہ راست نشر کی گئی ، اس کے ساتھ ساتھ ایونٹ کو کے پی ایل کے سماجی پلیٹ فارمز پر بھی براہ راست دیکھا گیا۔

ایس آر گروپ کے بانی اور سی ای او سیف الرحمن خان نیازی نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ انہیں بہت خوشی ہوئی کہ ایس آر گروپ نے کے پی ایل کے ساتھ ہاتھ ملایا ہے اوراِس بات کا بھی اعادہ کیا کہ وہ لیگ کے آنےوالے سیزنز میں بھی اپنی لامتناہی حمایت جاری رکھیں گے۔انہوں نے کشمیر پریمیر لیگ کو ایک بہت بڑا برینڈ قرار دیا اور ساتھ ہی ساتھ کے پی ایل انتظامیہ کی کاوشوں کو بھی سراہا۔

تقریب کے مہمانِ خُصوصی پاکستان کے اِقتصادی اُمور کے وفاقی وزیر عمر ایوب خان نے بھی کے پی ایل انتظامیہ کو دلی مبارکباد پیش کی اور بے حد جوش و خروش ظاہر کیا انہوں نے کہا کہ جب مظفر آباد کے پی ایل کی میزبانی کرے گا تو پوری دنیا دیکھے گی اور یہ شور وادی کشمیر سے سفر کرتا دنیا میں پھیل جائے گا انہوں نے یہ بھی کہا کہ مقامی کشمیری کھلاڑیوں کے پاس دنیا میں اپنی صلاحیتوں کی نمائش کے لئے ایک اچھا پلیٹ فارم ہے۔

لیجنڈری کرکٹر عبدالرزاق جو اس تقریب میں موجود تھے انہوں نے بھی عمر ایوب خان کے بیان کی تائید کی اور مزید کہا کہ وہ مقامی کشمیری کھلاڑیوں کو دیکھ کر بہت پرجوش ہیں ، اور کے پی ایل پلیٹ فارم واقعی ان کے لئے زندگی بھر کا باعث بن سکتا ہے۔

کے پی ایل کے صدر عارف ملک نے سیف الرحمن خان نیازی اور پورے ایس آر گروپ کا شکریہ ادا کیا اور کے پی ایل فیملی میں ان کے تعاون کا خیر مقدم کیا۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ کس طرح مظفر آباد کرکٹ اسٹیڈیم ایک جدید ترین اسٹیڈیم میں تبدیل ہو رہا ہے جس میں قابلِ ستائش کام سے اسٹیڈیم کو ایک نیا رنگ دیا گیا ہے۔

کے پی ایل کے سی ای او چودھری شہزاد اختر نے بھی ایس آر گروپ کے ساتھ ساتھ تمام فرنچائزز کا خیر مقدم کیا اور کے پی ایل کے لیے بھرپور حمایت کرنے پر اُن کا شکریہ ادا کیا۔

تمام چھ کے پی ایل فرنچائزز کے ساتھ ساتھ ان کے متعلقہ مالکان اور نمائندے بھی اس تقریب میں موجود تھے اور سب نے ایس آر گروپ کا خیر مقدم کیا۔

ایس آر جی کشمیر پریمیر لیگ کا سیزن وَن 6 اگست 2021 ء سے مظفر آباد میں شروع ہو گا۔